فوری ریلیز کے لیے: 16/11/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL کی جانب سے ریاست نیو یارک میں خواجہ سراؤں سے آگاہی کا مہینہ منانے کا اعلامیہ جاری***

***اعلامیہ یہاں پڑھیں***

***20 نومبر کو خواجہ سراؤں کا دن منانے کے لیے ریاستی عمارات پر چراغاں کیا جائے گا***

***خواجہ سرا اور غیر مشابہ جنس سے تعلق رکھنے والے نیو یارک کے مکینوں کو امتیاز سے محفوظ رکھنے کے لیے کام کی جگہ پر ان کے حقوق کو اجاگر کرنے والا محکمۂ پبلک سروس کا اعلان یہاں دستیاب ہے***

گورنر Kathy Hochul نے ایک اعلان جاری کیا جس میں نومبر کو خواجہ سراؤں سے آگاہی کا مہینہ قرار دیا گیا ہے تاکہ ریاست نیو یارک ریاست اور پورے ملک میں خواجہ سرا برادری کو تسلیم جائے۔ گورنر نے یہ بھی اعلان کیا کہ 20 نومبر بروز اتوار کو خواجہ سراؤں کا دن منانے کے لیے ریاست نیو یارک کی اہم عمارات پر گلابی، سفید اور ہلکے نیلے رنگ سے چراغاں کیا جائے گا۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "اس نومبر میں، مجھے خواجہ سرا برادری کے ارکان نے ہماری ریاست میں جو بیشمار تعاون کیا ہے اسے اجاگر کرنے کے لیے خواجہ سراؤں سے آگاہی کا مہینہ مناتے ہوئے فخر ہے۔ خواجہ سراؤں کا دن منانے کے ساتھ ساتھ، یہ اُس امتیازی سلوک کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور دنیا بھر میں خواجہ سراؤں، غیر مشابہ جنس اور غیر جوڑے دار لوگوں کو درپیش حملوں کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کا بھی ایک موقع ہے۔ میری انتظامیہ خواجہ سرا برادری کے ساتھ کھڑی رہے گی کیونکہ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے لڑتے ہیں کہ نیو یارک کے تمام مکین اس وقار اور مساوات کے ساتھ زندگی گزار سکیں جس کے وہ حقدار ہیں"۔

گورنر Hochul اس LGBTQ+ کے ارکان کے لیے ثابت قدم وکیل رہی ہیں۔ اپنے پہلے بجٹ میں، گورنر Hochul نے مقننہ کے ساتھ مل کر LGBTQ+ صحت اور انسانی خدمات کی فنڈنگ میں 13.5$ ملین کی تاریخی سرمایہ کاری کو شامل کرنے کے لیے کام کیا اور ساتھ ہی ریاستی ایجنسیوں سے مطالبہ کیا کہ وہ ایسی معلومات جمع کرنے والے ریاستی فارموں پر عوام کے لیے "X" صنفی تعین دستیاب کریں۔ گورنر Hochul نے نیویارک کے LGBTQ+ مکینوں کی کفالت کے لیے اہم قانون سازی پر بھی دستخط کیے ہیں، جس میں لورینا بورجاس ٹرانسجینڈر ویل نس اینڈ ایکویٹی فنڈ (Lorena Borjas Transgender Wellness and Equity Fund) اور جینڈر انکلوسیو بیلٹ ایکٹ (Gender Inclusive Ballot Act) کی تشکیل شامل ہے۔

گورنر Hochul نے آج یہ بھی اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے انسانی حقوق نے امریکہ کے ملازمت کے مساوی مواقع کے کمشنر (U.S. Equal Employment Opportunity Commissioner) اور نیو پرائڈ ایجنڈا (New Pride Agenda) کے اشتراک خواجہ سراؤں اور غیر مشابہ جنس سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو کام کے مقامات پر امتیاز سے محفوظ رکھنے کے لیے ان کے حقوق سے متعلق سرکاری ملازمت کا اعلامیہ تیار کیا ہے۔ سرکاری ملازمت کا اعلامیہ (Public Service Announcement, PSA) خواجہ سراؤں سے آگاہی کے مہینے اور خواجہ سراؤں کے یادگاری دن کے اعزاز میں سوشل میڈیا پلیٹ فارموں پر چلے گا۔

مزید برآں، ایگزیکٹیو چیمبر کے ساتھ مشاورت سے، دفتر برائے تعلقاتِ ملازمین نے ایک نئی تربیتی ویڈیو تیار کی ہے جس میں کام کی جگہ پر خواجہ سرا اور غیر مشابہ جنس سے تعلق رکھنے والے ملازمین کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا گیا ہے۔ یہ ویڈیو پوری ریاستی افرادی قوت کو خواجہ سرا برادری کے حوالے سے تعلیم دینے اور ان کی ثقافتی قابلیت کو بڑھانے کے لیے استعمال کی جائے گی، جو بفلو سے البانی، نارتھ کنٹری سے نیو یارک سٹی اور لانگ آئی لینڈ تک لوگوں تک پہنچتی ہے۔

تعلیمی انتظام کے ریاست گیر نظام پر دفتر برائے تعلقاتِ ملازمین کی صنفی شناخت کی ٹول کٹ میں پہلے سے دستیاب معلومات کی بنیاد پر، کام کی جگہ پر صنفی شناخت کی نئی ویڈیو اسمِ ضمیر کے استعمال، غیر صنفی زبان، کام کی جگہ پر رازداری اور انکشاف اور کام کی جگہ پر صنفی بنیاد پر نچلی سطح پر جارحیت جیسے مسائل پر مزید تفصیلی نظر ڈالتی ہے۔ ویڈیو اپنی تیاری کے حتمی مراحل میں ہے اور دفتر برائے تعلقاتِ ملازمین تقویمی سال 2023 میں ایگزیکٹو برانچ کے ملازمین کے لیے اپنے لازمی تربیتی پروگرام کے ایک جزو کے طور پر نئی تربیت شروع کرنے کا منتظر ہے۔

جنوری میں، گھریلو تشدد کی روک تھام کا ریاستی دفتر گھریلو تشدد کے متعلق خدمات فراہم کرنے والوں کے لیے LGBTQ+ توثیق پروگرام کے لیے درخواستیں جاری کرے گا۔ جون میں گورنر Hochul کی جانب سے اعلان کردہ، یہ ایک سال طویل ابتدائی پروگرام گھریلو تشدد کے واقعات پیش آنے پر خواجہ سرا برادری کو درپیش منفرد مشکلات کو حل کرنے میں مدد دے گا۔

یہ پروگرام ان رکاوٹوں کو کم کرنے کے لیے وقف ہے جن کا سامنا جنسی بنیاد پر تشدد سے بچ جانے والے LGBTQ+ کو حفاظت کی تلاش میں ہوتا ہے اور یہ شرکاء کو توثیق شدہ پروگراموں کے پہلے گروہ میں شامل ہونے، خصوصی تربیت اور تکنیکی مدد حاصل کرنے، اور اس کی تیاری پر اپنی آراء فراہم کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ پروگرام کو تیار کرنے کے لیے، دفتر برائے انسدادِ گھریلو تشدد نے نیویارک سٹی کے انسدادِ تشدد منصوبے کے ساتھ شراکت کی اور اس موسم خزاں میں شرکائے کار کے خیالات سننے کی نشستوں کے ایک سلسلے کے ذریعے LGBTQ+ اور گھریلو تشدد کی صورت میں خدمات فراہم کرنے والے افراد سے رائے طلب کی۔

رضاکارانہ پہل کاری گھریلو تشدد کے پروگراموں کو LGBTQ+ کے طور پر تصدیق شدہ ہونے اور ان کی خدمات، پالیسیوں اور طریقہ ہائے کار میں شامل ہونے کا موقع فراہم کرے گی، اور ریاست بھر میں LGBTQ+ برادری کے ساتھ ایک نئی وابستگی قائم کرے گی۔ توثیق یافتہ ہونے کے لیے، پروگراموں کو یہ ظاہر کرنے کی ضرورت ہو گی کہ وہ پروگرام کے معیارات کے ایک مجموعے پر پورا اترتے ہیں جن میں خواجہ سرا اور غیر تصدیق یافتہ اصناف سے تعلق رکھنے والے متاثرین کی خدمت کے معیارات شامل ہیں۔

20 نومبر کو، خواجہ سراؤں کے یادگاری دن کے اعزاز میں، چراغاں کی جانے والی عمارات میں شامل ہیں:

ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر
گورنر ماریو ایم کیومو برج
کوزی اوشکو برج
دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ
سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ
الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ
ایمپائر سٹیٹ پلازہ
سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
نیاگرا فالز
"فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج
گرینڈ سینٹرل ٹرمینل - پرشنگ سکوائر وایاڈکٹ
البانی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے
MTA LIRR - Penn سٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے

ایری کینال پر فیئر پورٹ لفٹ برج

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418